**Press Release**
**November 23, 2017**

ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے سٹاک ایکس چینج میں شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کاونٹر کی منظوری دے دی

اسلام آباد(نومبر 23 )سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے پاکستان سٹاک ایکس چینج میں شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کاونٹر بنانے کی اصولی منظوری دے دی ہے۔سٹاک ایکس چینج میں شریعہ کمپلائنٹ کاونٹر کی تجویز پاکستان سٹاک ایکس چینج کی جانب سے پیش کی گئی جس کا بنیادی مقصد سٹاک ایکس چینج میں شریعہ کمپلائنٹ حصص کی ٹریڈنگ کی سیٹلمنٹ کا طریق کار کو الگ کرنا ہے۔شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کاونٹر میں حصص کی سیٹلمنٹ کا فارمولہ T+2 کے بجائے T+0 ہو گا۔

سٹاک ایکس چینج میں شریعہ کمپلائنٹ کاونٹر کے قیام سے شریعہ کمپلائنٹ حصص میں سرمایہ کاری کرنے والے سرمایہ کاروں کے لئے آسانی پیدا ہو گی اور وہ T+2 سیٹلمنٹ سے منسلک رسک سے بھی بچ جائیں گے۔ٹریڈنگ کے شرعی اصول کے مطابق حصص اس وقت تک نہیں بیچے جا سکتے جب تک کہ ان کی ڈیلیوری خریدار کے اکاونٹ میں نہ پہنچ جائے۔اسی تصور کی روشنی میں شریعہ کمپلائنٹ حصص کی سیٹلمنٹ کے T+0 کا فارمولہ متعارف کروایا جارہا ہے۔ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے حصص کی T+0 سیٹلمنٹ کا کاونٹر متعارف کروانے کی اصولی منظوری دے دی ہے تاہم اس طریق کار کے تحت حصص کی ائل ٹائم کامیاب سیٹلمنٹ کے تجربے کے بعد اس قائم کیا جائے گا۔شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے ہدایت کی ہے کہ شریعہ کمپلائنٹ کاونٹر بنانے کے لئے سٹاک ایکس چینج، نیشنل کلئرنگ کمپنی اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے ریگولیشنز میں ضروری ترامیم کے بعد اس تجویز کو حتمی منظوری کے لئے بورڈ میں پیش کیا جائے۔

ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے اسلامی مالیاتی اداروں کے لئے معیارت دینے والی اکاونٹنگ اینڈ آڈٹنگ آرگنائزیشن کے تین معیارات، شریعہ اسٹینڈرڈ نمبر 17، 18 اوراستینڈرڈ نمبر 23 کا بھی جائزہ لیا اوران کی اصولی منظوری دی۔شریعہ بورڈ نے اسلامک کیپٹل مارکیٹ کے قیام اور سود سے پاک معیشت کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا۔